| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 9 | اُستاد کا نام: _____ |

**سبق کا نام: زمینی وسائل کی حفاظت**

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ پانی ضائع ہونے سے کیا مسائل پیدا ہوتے ہیں؟
- پانی کے ضیاع کو روکنے کے طریقے بتا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''زمینی وسائل کی حفاظت'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

پانی کی اہمیت بتائیں۔

پانی جانداروں کے لیے ضروری ہے؟

طلبہ سے جواب لیں اور انھیں بولنے کا موقع دیں۔

**طریقہ تدریس:** **15منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 50 پر دیے ہوئے متن کو پڑھیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو اہم الفاظ کے معانی بتائیں۔
- پانی کی کمی کی وجہ سے پانی میں رہنے والے جانور بھی متاثر ہوتے ہیں۔
- پانی کی کمی کی وجہ سے زمین خشک اور بنجر ہو رہی ہے۔
- انھیں بتائیں کہ ہماری روزمرہ ضروریات کے لیے پانی کی دستیابی اہم مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔
- انھیں پانی کے بچاؤ کے مختلف طریقے بتائیں جیسا کہ:

ہاتھوں کو صابن لگاتے ہوئے یا دانت صاف کرتے ہوئے نل بند کر دیں۔

برتن اور کپڑے دھوتے وقت پانی کم استعمال کریں۔

خراب نلکوں کو ٹھیک کروائیں۔

نہاتے وقت بالٹی کا استعمال کریں۔

بارش کے پانی کو جمع کر کے استعمال کریں۔

- طلبہ کو پانی کی اہمیت بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ جان دار پانی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔
- انھیں بتائیں کہ پاکستان کے مختلف علاقوں میں پانی کی کمی کا سامنا ہے اس لیے اسے ضائع ہونے سے بچایا جائے۔
- انھیں بتائیں کہ پانی ہم تک کیسے پہنچتا ہے اور کن طریقوں سے پانی کو ضائع ہونے سے بچایا جاسکتا ہے۔
- طلبہ سے سرگرمی مکمل کروائیں۔
- سرگرمی کروانے کے لیے بچوں کو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- نیلے رنگ کے چارٹ، گلو، قینچی، کاغذ اور دوسری چیزیں استعمال کرتے ہوئے پانی کے تحفظ سے متعلق ایک پوسٹر تیار کرنے میں طلبہ کی مدد کریں۔
- انھیں کہیں کہ وہ مختلف رنگوں کا استعمال کرتے ہوئے پوسٹر بنا کر اس پر پانی کے بچاؤ سے متعلق ایک پیغام بھی لکھیں۔
- ”پانی بچاؤ مہم“ کے پوسٹر بنانے میں طلبہ کی مدد کریں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بے تحاشا | بے۔ تحا۔ شَہ | بے حد/بہت زیادہ |
| ذَخائر | ذ۔ خا۔اِر | ذخیرے کی جمع |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (i) اور (ii) کا جواب طلبہ سے لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

پانی بچاؤ مہم کے سلسلے میں سکول میں ایک واک کا اہتمام کریں اور پانی کے ضائع ہونے کے نقصان سے آگاہ کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**___________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق:** زمینی وسائل کی حفاظت |

سوال 1: کہانی سن کر اس کا عنوان اور پانی کے بچاؤ کی تجاویز تحریر کریں۔



| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: زمینی وسائل کی حفاظت

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سمجھ سکیں کہ جنگلات انسان کے لیے کیوں ضروری ہیں۔
- شناخت کر سکیں کہ انسانی سرگرمیوں (جنگلات کے کٹاؤ) سے زمین کو کیسے نقصان پہنچ رہا ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''زمینی وسائل کی حفاظت'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- وہ اپنے ارد گرد کونسے پودے یا درخت دیکھتے ہیں؟
- جنگلات کے فائدے بتائیں۔

طلبہ کو بولنے کا موقع دیں اور ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 50-51 پر دیے ہوئے متن کو پڑھیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو جنگلات کی اہمیت بتائیں۔
- انھیں بتائیں ایک ہی جگہ کثرت سے پائے جانے والے مختلف درختوں کو ''جنگل'' کہتے ہیں۔
- متن کی مدد سے انھیں جنگلات کے فائدے بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جنگلات جانوروں اور پرندوں کا مسکن ہے۔
- درختوں سے فضا میں آکسیجن کا اضافہ ہوتا ہے جو ہمیں سانس لینے میں مدد دیتی ہے۔
- درختوں سے ہمیں پھل، پھول، سبزیاں اور جڑی بوٹیاں حاصل ہوتی ہیں۔
- انھیں بتائیں درخت دُنیا میں رہنے والے تمام جانداروں کے لیے اہمیت کے حامل ہیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| کثُرت | کث۔رَت | زیادتی/ہجوم |
| مسکن | مَس۔کن | رہنے کا مقام |
| سَبَب | سَ۔بَب | وجہ/باعث |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کے "اہم نکات" پڑھیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال (iii) کا جواب طلبہ سے حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

قدرتی وسائل کو ہم کس طرح محفوظ کر سکتے ہیں۔ طلبہ سے اُن کی رائے لیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
| --- | --- | --- |
| **نام:**__________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق:** زمینی وسائل کی حفاظت |

سوال 1: درختوں کے فائدے تحریر کریں۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

سبق کا نام: زمینی وسائل کی حفاظت

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تجویز دے سکیں کن طریقوں سے جنگلات کے کٹاؤ کو رُوکا جاسکتا ہے؟

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ نیلے رنگ کے چارٹ، گلو، قینچی، کاغذ، ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "زمینی وسائل کی حفاظت" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

درختوں کے کٹاؤ کی تجاویز بتائیں؟

درختوں کے فوائد بتائیں۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 51-52 پر دیے ہوئے متن پڑھیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔
- اہم الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ سے لکڑی سے بنی ہوئی چند اشیا کے نام پوچھیں۔
- انھیں جواب دینے کا موقع فراہم کریں اور حوصلہ افزائی کریں۔
- انھیں جنگلات کی کٹائی کا مطلب بتائیں۔

- انھیں بتائیں بڑھتی ہوئی آبادی اور انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے جنگلات آہستہ آہستہ ختم ہو رہے ہیں۔ اگر زمین پر جنگلات ختم ہو گئے تو درجہ حرارت بہت بڑھ جائے گا۔ اس لیے ان کو روکنے کے لیے ہمیں اقدامات کرنے چاہییں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے ان اقدامات کی تفصیل بتائیں۔
- انھیں بتائیں جنگلات کو آگ لگنے سے بچائیں۔ بلاوجہ لکڑی نہ کاٹیں۔
- طلبہ کو ہدایت کریں کہ وہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں۔
- اُن کی دیکھ بھال اور حفاظت یقینی بنائیں۔
- اپنے سکول اور محلے میں شجر کاری کو اپنائیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| رِہائش | رِ۔ہا۔اِش | قیام |
| ذرائع | ذ۔را۔ئع | ذریعے کی جمع |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کے ''اہم نکات'' دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

جنگلات کے کٹاؤ کی کوئی وجوہات بتائیں۔

جنگلات کے کٹاؤ کے نقصان بتائیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو گروہ میں تقسیم کریں اور چارٹ پیپر تیار کریں۔ چارٹ کو درخت کی شکل میں کاٹ کر ان کے بچاؤ کی تجاویز لکھنے میں طلبہ کی مدد کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: زمینی وسائل کی حفاظت |
|---|---|---|

سوال 1: دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہیں پُر کریں۔

| پانی | نل | ضروری | پیداوار |
|---|---|---|---|

الف) زمینی وسائل اِنسانی زندگی کے لیے بے حد ____________ ہیں۔

ب) ____________ کے بغیر کوئی بھی جان دار زندہ نہیں رہ سکتا۔

ج) فصلوں کو کم پانی ملنے کی وجہ سے ____________ میں کمی آرہی ہے۔

د) ہمیں چاہیے کہ بِلاوجہ ____________ کُھلا نہ چھوڑیں۔

سوال 2: کالم "الف" کو کالم "ب" سے ملائیں اور جملے مکمل کریں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| پانی اِحتیاط سے | سانس لینے کے لیے ضروری ہے۔ |
| درخت موسم کو | گھونسلے بنا کر رہتے ہیں۔ |
| آکسیجن جانوروں اور انسانوں کے | اِستعمال کرنا چاہیے۔ |
| جنگلات ختم ہو گئے تو | خُوش گوار بناتے ہیں۔ |
| درختوں پر پرندے | زمین کا درجہ حرارت بڑھ جائے گا۔ |